بینک دولت پاکستان

شعبۂ انفرا اسٹرکچر، ہاؤسنگ اور ایس ایم ای مالکاری

آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی

آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 03 برائے 2019ء　　　　22 فروری 2019ء

صدور / چیف ایگزیکٹوز،

تمام اسلامی بینک اور بینک / اسلامی بینکاری برانچوں / آپریشنز کے حامل ترقیاتی مالی ادارے

ایس ایم ای اداروں کو جدید بنانے کے لیے اسلامی ری فنانس سہولت (آئی آر ایف ایم ایس)

محترم / محترمہ،

بحوالہ بینک دولت پاکستان کی "ایس ایم ای اداروں کو جدید بنانے کے لیے ری فنانس سہولت" جو 2010ء میں بذریعہ آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 07 شروع کی گئی اور جس میں وقتاً فوقتاً ترامیم ہوتی رہی ہیں۔ مالکاری کی یہ سہولت اسلامی بینکاری اداروں (IBIs) اور اسلامی ترقیاتی مالی اداروں (DFIs) کے ذریعے دستیاب بنانے کی غرض سے اسٹیٹ بینک اب آئی بی آئیز اور اسلامی ڈی ایف آئیز کے لیے، جنہیں مجموعی طور پر 'شریک اسلامی مالی ادارے' (PIFIs) کہا جاتا ہے، مضاربے پر مبنی "ایس ایم ای اداروں کو جدید بنانے کے لیے اسلامی ری فنانس سہولت" (آئی آر ایف ایم ایس) متعارف کرا رہا ہے۔ اسٹیٹ بینک آئی آر ایف ایم ایس کے تحت پی آئی ایف آئیز کے عمومی پول میں مضاربہ سرمایہ کاری کرے گا۔

2۔　آئی آر ایف ایم ایس کے تحت ایس ایم ای کلسٹر / شعبوں کی ایک وسیع رینج کو قرضے دستیاب ہوں گے۔ ایس ایم ای قرضوں کے لیے متاطیہ ضوابط میں تشریح کے مطابق ایس ایم ای قرض گیر آئی آر ایف ایم ایس کے تحت قرضے کی سہولت حاصل کرنے کے اہل ہوں گے۔ موجودہ یونٹوں کو متوازن کرنے، جدید بنانے اور تبادلہ کرنے کی خاطر نئی درآمد شدہ / مقامی پلانٹ اور مشینری کی خریداری کے لیے اور نئے ایس ایم ای یونٹوں کے قیام کے لیے پی آئی ایف آئی کے ذریعے قرضے دستیاب ہوں گے۔ زیادہ سے زیادہ 500 کے وی اے استعداد کے درآمد شدہ / مقامی جنریٹروں کی خریداری کے لیے بھی قرضے دستیاب ہوں گے۔ آئی آر ایف ایم ایس اس سرکلر کے اجرا کی تاریخ سے مؤثر ہوگی اور مزید ہدایات جاری ہونے تک قابلِ عمل رہے گی۔

3۔ پی آئی ایف آئیز کی تفصیلات جاننے کے لیے آئی بی آئیز اور اسلامی ڈی ایف آئیز اپنی درخواستیں جمع کرا سکتے ہیں۔ وہ رواں مالی سال کے لیے اختصاص / تفویض کردہ رقم کی حد جاننے کے لیے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ یہ درخواستیں اس سرکلر کی تاریخِ اجرا کے 30 دن کے اندر جمع کرائی جاسکتی ہیں۔

4۔ اس سہولت کی تفصیلات، شریعت کے لحاظ سے ساخت اور دستاویزات ضمیمہ جات میں دی گئی ہیں۔

منسلک:

ضمیمہ I: ایس ایم ای اداروں کو جدید بنانے کے لیے اسلامی ری فنانس سہولت

ضمیمہ II: ایس ایم ای اداروں کو جدید بنانے کے لیے اسلامی ری فنانس سہولت کے لیے دستاویزات

آپ کا مخلص

(غلام محمد)
ڈائریکٹر